20936-کیا زکاۃ کے مال سے مسلمان قیدی چھڑانے جائز ہیں ؟

سوال

کیا زکاۃ کے مال سے مسلمان قیدیوں کو چھڑانا مندرجہ ذیل فرمان باری تعالی میں داخل ہے :

.{اور غلام آزاد کرانے میں}. ؟

پسندیدہ جواب

کفار کے ہاتھوں سے
مسلمان قیدیوں کو آزاد کروانا غلام آزاد کرانے سے افضل اور بہتر ہے ، اور اس فرمان
باری تعالی میں بالاولی داخل ہوتا ہے ، کیونکہ ان قیدیوں کا اپنے اہل وعیال سے جدا
ہونے میں انہیں ضرر اور نقصان ہے ، اور اس میں ان کی تذلیل اور توہین اور تعذیب ہے ،
لہذا انہیں آزاد کروانا اور چھڑانا غلام آزاد کرانے سے اولی اور افضل ہے .